19-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علوم رسم الخط	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة التجويد والقراءة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ نون ساکن یا نون تنوین کے بعد "لام" یا "راء" آئے تو امام جزری کے نزدیک وہاں ہو گا:

(الف) اظہار (ب) ادغام بالغنہ (ج) ادغام بلاغنہ (د) اقلاب

2۔ ایک کلمہ کو جدا لکھنا کہ پہلے اور بعد والے دونوں کلمے ہوں کہلاتا ہے:

(الف) وصل (ب) قطع (ج) سکتہ (د) وقف

3۔ ایسے کلمات جو کبھی موصول اور کبھی مقطوع ہوتے ہیں ان کی تعداد ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

4۔ "ما" حرفیہ کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

5۔ مصاحف عثمانیہ میں "أن" ناصبہ کو "لا" نافیہ سے جدا لکھا ہے:

(الف) دس جگہوں پر (ب) بیس جگہوں پر (ج) تیس جگہوں پر (د) چالیس جگہوں پر

6۔ لکھائی میں تخفیف کے لیے اکثر اتنے حروف کو حذف کیا جاتا ہے:

(الف) پانچ (ب) سات (ج) نو (د) گیارہ

7۔ تاء تانیث کی رسم قرآن کریم میں اتنی طرح ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

8۔ گول تاء کو کہتے ہیں:

(الف) لمبی تاء (ب) تائے مطولہ (ج) تائے مدورہ (د) تائے غیر مدورہ

9۔ "نفائس البیان فی علم رسم القرآن" تالیف ہے:

(الف) القاری محمد ادریس کی (ب) القاری خالد حمید کاظمی کی (ج) القاری نصیر افضل کی (د) القاری غلام رسول کی

ورق الٹیئے

10۔"یاء" کی کل حالتیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

11۔لفظ "صراط" قرآن میں آیا ہے:

(الف) چالیس بار (ب) پینتالیس بار (ج) پچاس بار (د) پچپن بار

12۔"نفائس البیان فی علم رسم القرآن" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) علم الوقف (ب) علم القرآت (ج) علم رسم الخط (د) علم التجوید

13۔علم رسم الخط کو سیکھنا ہے:

(الف) فرض (ب) فرض کفایہ (ج) واجب (د) واجب کفایہ

14۔علم رسم الخط کے واضعین ہیں:

(الف) علمائے مکہ و مدینہ (ب) علمائے بصرہ و کوفہ (ج) علمائے مصر و شام (د) علمائے دمشق و تہران

15۔پہلا "قواریرا" کو بروایت حفص وقف میں پڑھتے ہیں:

(الف) الف کے ساتھ (ب) بغیر الف کے (ج) تنوین کے ساتھ (د) بغیر تنوین کے

16۔دو یا دو سے زیادہ کلموں کو ملا کر اس طرح لکھنا کہ بمنزلہ ایک کلمہ کے ہو جائیں کہلاتا ہے:

(الف) وصل (ب) قطع (ج) سکتہ (د) وقف

17۔اکائیوں کو لفظ "مائۃ" کی طرف مضاف کیا گیا ہو تو لکھنا ضروری ہے:

(الف) موصول (ب) مقطوع (ج) جدا کر کے (د) الگ الگ کر کے

18۔"کئی" "کا" "لا" سے بالاتفاق جگہوں پر رسم موصول ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

19۔لام جارہ اپنے مجرور کے ساتھ ہوتا ہے:

(الف) موصول (ب) مقطوع (ج) الگ الگ (د) جدا کر کے

20۔حروف زائد کے بیان میں کل مباحث ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

19-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	علوم رسم الخط	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة التجويد والقراءة (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------------

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "نفائس البیان" کتاب کا مکمل نام مع مصنف کا نام تحریر کریں۔

2۔ علم رسم الخط میں مقطوع وموصول کا معنیٰ تحریر کریں۔

3۔ وصل کی تعریف لکھیں

4۔ مرکب مزجی کا رسم الخط تحریر کریں۔

5۔ حرف "ما" اسمیہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ تحریر کریں۔

6۔ "ما" استفہامیہ کو حروف جارہ کے ساتھ لکھنے کا طریقہ تحریر کریں۔

7۔ "ما" تعجبیہ کو لکھنے کا طریقہ تحریر کریں۔

8۔ "ما" حرفیہ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

9۔ "من" استفہامیہ کے شروع میں "فی" حرف جر آجائے تو کیسے لکھیں گے؟

10۔ "إن" شرطیہ کے بعد "لا" ہو تو کیسے لکھا جائے گا؟

11۔ "فی" کا "ما" سے رسم کتنی جگہوں پر بالخلف اور بلا خلف مقطوع ہے؟

12۔ "أن" مصدریہ کا "لن" ناصبہ سے رسم کتنی اور کون کونسی جگہوں پر بالاتفاق وصل ہے؟

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ لام جارہ کتنی اور کون کونسی جگہوں پر بالاتفاق مقطوع لکھا جاتا ہے؟ تحریر کریں۔

2۔ "لام تعریف" کا رسم تحریر کریں۔

3۔ الف زائدہ کی تعریف تحریر کریں۔

4۔ تاء تانیث مربوطہ کے آخر میں الف لکھا جاتا ہے یا نہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

5۔ ھاء سکتہ کی تعریف تحریر کریں۔

6۔ کلمہ میں واؤ زائدہ کا اضافہ کہاں ہوتا ہے؟ واضح کریں۔

7۔ لکھائی میں تخفیف کے لیے کتنے اور کون کونسے حروف حذف کیے جاتے ہیں؟ تحریر کریں۔

8۔ لفظ "ابنت" قرآن میں کتنی اور کون کونسی جگہ پر تاء مجرورہ کے ساتھ مرسوم ہے؟

9۔ تاء تانیث کی رسم قرآن میں کتنی اور کون کونسی طرح ہے؟ تحریر کریں۔

10۔ جب اسم منقوص میں دو "واؤ" جمع ہوں تو لکھنے کا طریقہ تحریر کریں۔

11۔ "یاء" پر نقطہ لگانے اور نہ لگانے کی کتنی اور کون کونسی حالتیں ہیں؟ تحریر کریں۔

12۔ قراءت کے رسم پر انطباق کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. ہمزہ وصل اور ہمزہ قطع پر تفصیلاً نوٹ تحریر کریں۔

ii. "سلاسلا، قواریرا اول اور قواریرا ثانی" میں وصل ووقف کے اختلاف کو تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. مقطوع وموصول کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. ما حرفیہ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ نیز ہر ایک کی مع امثلہ وضاحت کریں۔

ii. مصاحف عثمانی "أن" ناصبہ کو "لا" نافیہ سے مقطوع لکھنے کی پانچ مثالیں تحریر کریں۔

iii. "بئس ما" کے رسم کی تین مثالیں لکھتے ہوئے "إن" کا "لم" سے رسم تحریر کریں۔